بینک دولت پاکستان

شعبہ مبادلہ پالیسی

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 22 18 دسمبر 2018ء

زرِ مبادلہ کے تمام مجاز ڈیلروں کے

صدور / چیف ایگزیکٹوز

محترم / محترمہ،

**شکر کی برآمد**

مذکورہ موضوع پر مجاز ڈیلرز کی توجہ ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 20 بتاریخ 30 اکتوبر 2018ء کی جانب مبذول کروائی جاتی ہے۔

2۔ وزارتِ تجارت کی دفتری یادداشت نمبر 7(2)/2012ء-برآمدات-III بتاریخ 10 دسمبر 2018ء کے مطابق حکومتِ پاکستان نے 19-2018ء کے لیے شوگر ملوں کا برآمدی کوٹہ 1,000,000 میٹرک ٹن (دس لاکھ میٹرک ٹن) سے بڑھا کر 1,100,000 میٹرک ٹن (گیارہ لاکھ میٹرک ٹن) کر دیا ہے۔ مزید یہ کہ متعلقہ کین کمشنر کی جانب سے جاری کردہ کلیئرنس سرٹیفکیٹ جو اس بات کی تصدیق کرتا ہو کہ شوگر مل 15 نومبر 2018ء سے اپنی مکمل استعداد کے ساتھ پِچل کاری کا آغاز کر چکی ہے، جو پیرا 2(i) ایضاً کے تحت درکار تھا، اب ضروری نہیں ہوگا۔

3۔ درج بالا کوٹا کے تحت برآمدات کی اہلیت کے لیے شوگر ملوں کو اب بھی متعلقہ کین کمشنر کی طرف سے جاری کردہ یہ کلیئرنس سرٹیفکیٹ جمع کروانا ضروری ہے کہ متعلقہ شوگر مل نے گنّے کی فصل کی 18-2017ء تک کی واجب الادا رقم کاشت کاروں کو ادا کر دی ہے۔

4۔ اس موضوع پر دیگر شرائط وضوابط لاگو رہیں گی۔

5۔ مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ یہ معلومات اپنے متعلقین کے علم میں لے آئیں۔

منسلک: <u>مذکورہ بالا</u>

آپ کا مخلص،

(معین الدین)

ایڈیشنل ڈائریکٹر